Fresh Notice No. 589

قرارداد

پاکستان بھر میں کم عمر بچوں اور بچیوں کے ساتھ جنسی ہراسانی اور زیادتی کے واقعات میں خوفناک حد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ روزانہ پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا میں کم عمر بچوں اور بچیوں کے ساتھ زیادتی کے واقعات تواتر کے ساتھ رپورٹ ہورہے ہیں۔

غیر سرکاری تنظیموں کے اعدادوشمار کے مطابق بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے واقعات میں 33 فیصد تک اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق روزانہ دس کے قریب بچوں کو جنسی زیادتی کا شکار بنایا جارہا ہے۔

یہ اسمبلی حکومت خیبرپختونخوا سے مطالبہ کرتی ہے کہ خیبر پختونخوا چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر ایکٹ 2010 میں ترمیم کرکے بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کے مرتکب افراد کی سزا کو سات سال سے بڑھا کر تاحیات کی جائے اور جرمانے کی سزا کو دوگنا کیا جائے۔

آسیہ صالح خٹک
ممبر صوبائی اسمبلی
خیبر پختونخوا

RESOLUTION

Session No. 10th
Notice No. 589
Received Time: 12:40
Received Date 23/12/2019
From Mr. / Ms. ________ MPA
Receiver Sign: ________

شگفتہ ملک

ریحانہ اسماعیل

Asiya Asad
آسیہ اسد